غلام نبی خادم
ثانیہ ثانوی

اقوال زریں

۱- اللہ تعالیٰ نے تجارت کو جائز اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔ (القرآن)
۲- کھا کر شکر کرنے والا، صابر روزے دار کی طرح ہے۔ (الحدیث)
۳- حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے۔ (الحدیث)
۴- دنیا پیٹھ موڑ رہی ہے اور آخرت سامنے آ رہی ہے تم آخرت کے چاہنے والے بنو، دنیا کے چاہنے والے نہ بنو۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
۵- وہ عالم ضائع ہے جس سے علم کی بات نہ پوچھیں اور وہ علم ضائع ہے جس پر عمل نہ کیا جائے۔ (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
۶- کسی سے محبت اور بغض اللہ کے لئے ہی ہو۔ (الحدیث)
۷- وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر عمل نہیں کرتے۔ (القرآن)
۸- زبان بند رکھنا سب سے بڑی عبادت ہے۔ (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
۹- دین کی خدمت و سربلندی کے لئے پہلے تیاری کریں۔ (حافظ عبدالرحمٰن مدنی)
۱۰- کسی نے پوچھا: کیسے گزرتی ہے؟ کہا منہ کھانے میں اور زبان شکایت کرنے میں۔ (شیخ سعدی)
۱۱- اگر اللہ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہو تو اس کے بندوں کی خدمت کر کے دکھاؤ۔ (الحدیث)
۱۲- شہرت کے حریص باصلاحیت نہیں ہوتے۔ (خلیل جبران)
۱۳- علم معرفت الٰہی کا نام ہے۔ (غزالی)
۱۴- دنیا کے ان لوگوں سے اتحاد ضرور کرو جو تمہیں اپنے برابر سمجھے۔ (ایک سکالر)
۱- عرفان خودی اور تکمیل خودی کا نام "تعلیم" ہے۔ (علامہ اقبالؒ)